الیکٹرانک علامات کی

انسائیکلوپیڈیا


الیکٹرانک سمی کنڈکٹر، والوز اور لاجک سمبلز



مصنف

عبدالغفار شیخ

ہمدرد کتب خانہ رجسٹرڈ 14 اردو بازار لاہور



الیکٹرانک کی پہلی کتاب

الیکٹرانک علامات کی انسائیکلوپیڈیا

الیکٹرانک سیمی کنڈکٹر، والوز اور لاجک سمبلز

مصنف
عبدالغفار شیخ

ناشر:-
ہمدرد کتب خانہ اردو بازار لاہور پاکستان

فون: ۵۸۹۴۷

قیمت 24 روپے

نام کتاب ـــــــ الیکٹرانک علامات کی انسائیکلوپیڈیا
مصنف ـــــــ عبدالغفار شیخ
ناشر ـــــــ الحاج محمد حسین گوہر
ادارہ ـــــــ ہمدرد کتب خانہ اُردو بازار لاہور
بار اوّل ـــــــ ۱۹۹۰ء
تعداد ـــــــ ۱۱۰۰
کتابت ـــــــ سرفراز احمد
نگران اشاعت ـــــــ ابوذر غفاری
مطبع ـــــــ
قیمت ـــــــ 24/ روپے

پیش لفظ

میں نے الیکٹرانکس کے عملی پہلوؤں پر چند کتب لکھی ہیں۔ جو کہ زیادہ تر اپنے ہم پیشہ ریڈیو اور ٹیلی ویژن مکینکوں کی راہنمائی کے لیے تحریر کی گئی ہیں۔ اگرچہ ان کتب میں بنیادی تھیوری بھی پیش کی گئی ہے، لیکن زیادہ تر عملی پہلو ہی پیش نظر تھا۔ کچھ کتابیں شوقیہ تجربات کرنے والوں کے لیے بھی تحریر کی گئیں۔ یہ کتب نوجوان طلباء میں خاصی مقبول ہوئیں۔ ان کے خطوط مجھے ملتے رہتے ہیں۔ ان خطوط سے ان کو پیش آنے والی مشکلات سے آگاہی ہوتی رہی۔ ان طلباء میں سے کچھ تو وہ طلباء تھے جو کالجوں میں الیکٹرونکس کا علم حاصل کر رہے تھے۔ لیکن ایک کثیر تعداد ان طلباء کی تھی جو ابھی ثانوی یا اپر مڈل کلاسوں میں تعلیم پا رہے تھے۔ ان میں سے زیادہ تر طلباء، اس علم کی مبادیات سے بھی واقف نہ تھے اور یہی ان کی مشکلات کی بنیادی وجہ تھی۔ وہ ایسی کتب کے متلاشی تھے جو ان کو ضروری ابتدائی معلومات فراہم کر سکیں۔ زیر نظر کتاب اسی بنیادی مقصد کے پیش نظر ترتیب دی گئی ہے۔

یہ کتاب اس علم کی بنیادی تعلیم کا پہلا زینہ ہے۔ تمام الیکٹرانک آلات پرزوں کے مربوط سرکٹ یا سرکٹوں پر مشتمل ہوتے ہیں۔ سرکٹ کی مدد سے کسی آلہ میں استعمال ہونے والے پرزوں اور ان کے جوڑنے کی ترتیب واضح کی جاتی ہے۔ اس کے لیے علامات کا سہارا لیا جاتا ہے۔ ان علامات کی مدد سے

ہی یہ واضح کیا جاتا ہے کہ کونسا پرزہ کس قسم کا ہے اور اسے کہاں اور کس پرزے سے کس طرح ملایا جائے گا اور اس کی وائرنگ کس ترتیب سے کی جائے گی الیکٹرانکس کے ہر طالب علم کے لیے ضروری ہے کہ وہ ان علامات کو سمجھے اور ان کو اچھی طرح پہچان سکے تاکہ ان کی مدد سے کسی بھی دیئے گئے سرکٹ کی ترتیب کو سمجھ سکے۔

دُنیا کے مختلف ممالک میں ان علامات میں تھوڑا بہت فرق پایا جاتا ہے۔ اس کتاب میں تمام علامات کو جو یورپ، امریکہ اور جاپان میں رائج ہیں، یکجا کر دیا گیا ہے۔ جہاں ضروری سمجھا گیا وہاں ان پرزوں کی بناوٹ کی اصل تصاویر بھی دی گئی ہیں۔ تاکہ طالب علم ان کو اچھی طرح پہچان لے۔ اس کے ساتھ ساتھ بعض چیزوں کے متعلق ضروری ابتدائی معلومات بھی دی گئی ہیں۔

اُمید ہے کہ یہ کتاب الیکٹرونکس کے طلباء اور شائقین کے لیے نہایت مفید ثابت ہوگی اور الیکٹرانکس پڑھانے والے تمام اداروں میں بنیادی کتاب کے طور پر رائج کی جائے گی۔

عبدالغفار شیخ
۵۔ کینیڈا کالونی۔ ننکانہ صاحب

فہرست

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

1

تاریں

الیکٹرانک سرکٹوں میں پرزوں کو تاروں سے جوڑ کر مربوط سرکٹ بنایا جاتا ہے۔ یہ تانبے کی ٹھوس تار ہو سکتی ہے، پرنٹڈ سرکٹ بورڈ پر بنی ہوئی کوئی مسلسل لائن ہو سکتی ہے یا پھر کسی پرزے کی کوئی تار ہو سکتی ہے۔


سرکٹ میں بہت سی تاریں ہوتی ہیں جن کو عام طور پر اکٹھا کر کے باندھ دیا جاتا ہے۔ ایسے حصوں کو ملانے والی تاریں جو ارد گرد کے سرکٹوں میں دخل اندازی کر سکتی ہیں یا جن پر نزدیکی سرکٹ اثر انداز ہو سکتے ہوں، ان کے لیے مخصوص قسم کی تاریں استعمال کی جاتی ہیں۔ ان پر ایک جالی کا خول چڑھا ہوتا ہے۔ اس بیرونی خول کو عام طور پر گراؤنڈ سے ملا دیا جاتا ہے۔ ان کو شیلڈ وائر کہا جاتا ہے۔ ایک ہی جالی کے اندر ایک، دو یا زائد تاریں ہو سکتی ہیں۔ ان کو سنگل کور، ٹو کور یا ملٹی کور تاریں کہا جاتا ہے۔

اگلے صفحہ پر مختلف اقسام کی تاروں کی علامات دکھائی گئی ہیں،




تار۔ سیدھی یا خم دار گزرتی ہوئی

Crossing of conductors, no electrical connection




بغیر جوڑی ہوئی تاریں۔ کراس کرتی ہوئی




Crossing of conductors, no electrical connection (alternative)

بغیر جوڑی ہوئی تار کی ایک اور علامت

Joining of conductors, electrical connection




جوڑی ہوئی تاریں۔ ملنے کے مقام پر گول نقطہ بنایا گیا ہے




Common point connection

بہت سی تاریں ایک مشترکہ نقطہ پر ملائی گئی ہیں




پچھلے یونٹ کو اگلے یونٹ سے ملانے والی لنک تاریں۔



بہت سی تاریں یکجا گزرتی ہوئی۔ تیر کے نشان ان کے آنے اور جانے کے رُخ ظاہر کرتی ہیں۔ بعض سرکٹوں میں تیر کے نشانوں کی بجائے الفاظ a، a، b، b وغیرہ لکھے جاتے ہیں۔ کونے میں تیر کے نشان اور نمبر ان تاروں کے آنے اور جانے کے رُخ ظاہر کرتے ہیں۔

SHEILD WIRES




سنگل کور ←


جالی دار شیلڈ وائر



ٹو کور ←



ملٹی کور ←



CONNECTORS

کنکٹرز

2


ارتھ


الیکٹرانک سرکٹوں میں دھاتی چیسی کو بیٹری یا برقی سپلائی کی ایک لائن (عام طور پر منفی لائن) سے ملا دیا جاتا ہے۔ پرنٹڈ سرکٹ بورڈ پر یہی کام پرنٹ کی ایک لائن سے لیا جاتا ہے۔ یہ لائن عام طور پر زیادہ چوڑی اور پرنٹ بورڈ کے چاروں طرف موجود ہوتی ہے۔ بیٹری کی منفی پول سے ملائی گئی یہ لائن چیسی ارتھ یا مشترک ارتھ کہلاتی ہے۔ بعض دفعہ منفی کی بجائے بیٹری کا مثبت پول مشترک ارتھ بنا لیا جاتا ہے۔

ابتدائی دور میں ریڈیائی پیغاموں کے وصول کرنے کے لیے ایریل اور ارتھ لازمی طور پر لگانا پڑتے تھے۔ اس وقت ارتھ زمین میں گہرا گڑھا کھود کر اور اس میں ایک دھاتی پلیٹ دفن کر کے بنائی جاتی تھی۔ اس دھاتی پلیٹ کے ساتھ ایک موٹا تار ٹانکا کر کے زمین سے باہر نکال لیا جاتا تھا اور اس کو بطور ارتھ استعمال کیا جاتا تھا۔ اس کو زمینی ارتھ کہا جاتا تھا اور دھاتی چیسی کو اس کے ساتھ ملا دیا جاتا تھا۔

موجودہ دور میں بڑے بڑے ٹرانسمٹروں کی وجہ سے ارتھ کی اتنی اہمیت نہیں رہی، لیکن چیسی کو منفی لائن سے ملانے کا نظام بہرحال اب بھی موجود ہے۔


اگلے صفحہ پر ارتھ کی مختلف اقسام کی سرکٹوں میں اشکال دکھائی گئی ہیں۔






Earth

چیسی یا کسی ایک لائن کی مشترک ارتھ



Clean or Noiseless earth

ایسی ارتھ جو شور نہ پیدا کر سکے۔



Chassis


زمینی ارتھ ۔ یا دھاتی چیسی



3

ایریل

الیکٹرانک آلات میں لہروں کی ترسیل کرنے اور وصولی کے لیے ایریل کا استعمال کیا جاتا ہے۔ موثر ایریل لہر کے نصف طول موج کے برابر ہوتا ہے۔ ایریل کسی تار یا پائپ کے ایک یا دو ٹکڑوں پر مشتمل ہوتا ہے جو کہ کھلی فضا میں نصب کیا جاتا ہے۔ ہر ایریل لہروں کو وصول اور نشر کر سکتا ہے۔ ایریل کی کئی اقسام ہیں۔ ذیل میں مختلف اقسام کے ایریل کی علامات دکھائی گئی ہیں۔






Aerial general symbol

بیرونی ایریل عام علامت



ٹیلی اسکوپ ایریل





DIPOLE AERIAL

ڈائی پول ایریل

FOLDED DIPOLE AERIAL

فولڈڈ ڈائی پول ایریل







LOOP AERIAL

لوپ ایریل

FRAME AERIAL

فریم ایریل







Ferrite rod aerial

فیرائٹ راڈ پر لپیٹا ہوا ایریل
کوائل اور سیکنڈری کوائل

Ferrite rod aerial with variable core

ایڈجسٹیبل فیرائٹ کور پر لپیٹا ہوا ایریل
کوائل اور سیکنڈری کوائل۔





4

ٹرمینل سٹرپ یا ٹیگ

دھاتی چیسی پر وائرنگ کرتے وقت اکثر پرزوں کو چیسی پر ٹرمینل سٹرپ یا ٹیگ لگا کر ان سے ملا دیا جاتا ہے۔ ٹرمینل سٹرپ فائبر یا ایبونائٹ کی ایک پٹی ہوتی ہے جس پر چند ٹرمینل پوائنٹ لگے ہوتے ہیں۔ ان پوائنٹس پر پرزوں کی تاروں کو بل دے کر آپس میں ٹانکا کر دیا جاتا ہے اور پھر اس ٹرمینل سے تار ملا کر اس کو مطلوبہ جگہ ملا دیا جاتا ہے۔ اس طرح کی وائرنگ اس جگہ کی جاتی ہے جہاں پرنٹڈ سرکٹ بورڈ استعمال نہ کیا جا رہا ہو۔

پرنٹڈ سرکٹ بورڈ میں بھی ٹیگ استعمال کیے جاتے ہیں۔ یہ ٹیگ ایک نوکدار تانبے کی کیل کی شکل کے ہوتے ہیں اور پرنٹ بورڈ کے اوپر کی طرف نکلے ہوئے ہوتے ہیں۔ ان سے تار کو بذریعہ کنکٹر ایک سرکٹ سے دوسرے سرکٹ تک ملا دیا جاتا ہے۔

اسی شکل کے نوکدار کیل مختلف پیمائشی مقامات پر بھی لگائے جاتے ہیں ان کو ٹیسٹ پوائنٹ کہا جاتا ہے۔ سرکٹ میں ٹیسٹ پوائنٹ کا نمبر اور اس پر موجود وولٹیج

یا سگنل کی کیفیت کی شکل بھی ظاہر کی جاتی ہے مثلاً TP3 — 2V. یعنی اس جگہ ٹیسٹ پوائنٹ نمبر تین لگایا گیا ہے اور یہاں 2. وولٹ ہونا چاہئیں وغیرہ۔
ذیل میں مختلف اقسام کی ٹرمینل سٹرپ اور ٹیگ کی علامات دکھائی گئی ہیں۔

Terminal or tag



ٹرمینل پوائنٹ یا ٹیگ (چیسی سے مکمل محفوظ)

Bolted terminal or tag




ٹرمینل پوائنٹ - چیسی سے ملا ہوا



TEST POINT

ٹیسٹ پوائنٹ







5

پلگ اور ساکٹ

الیکٹرانک آلات سے بیرونی پرزوں یا مختلف سرکٹوں کو باہم ملانے کے لیے پلگوں اور ساکٹوں کا استعمال کیا جاتا ہے۔ ان پلگوں کے ذریعے مائیکروفون، ہیڈ فون، لاؤڈ اسپیکر اور بیٹری وغیرہ کو ان آلات سے ملایا جاتا ہے۔ ہر پلگ کے دو حصّے ہوتے ہیں۔ بیرونی حصّہ ہیڈ فون، مائیکروفون یا بیٹری وغیرہ سے ملا ہوتا ہے اس کو میل پلگ (MALE PLUG) کہا جاتا ہے۔ دوسرا حصّہ الیکٹرانک آلہ کے سرکٹ سے ملا ہوتا ہے اس کو فیمیل ساکٹ یا صرف ساکٹ (SOKET) کہا جاتا ہے۔




Symbol	Name	نام
	Plug-male	عام پلگ
	Socket-female	عام ساکٹ
	CO-AXIAL PLUG	کوایگزئیل پلگ
	CO-AXIAL SOCKET	کوایگزئیل ساکٹ
	Typical jack socket	جیک ساکٹ اندرونی / بیرونی کنکشن والی
	MICROPHONE SOCKET OR INPUT SOCKET	مائیکروفون ساکٹ یا ان پٹ ساکٹ۔

6

لنک اور فیوز

الیکٹرانک سرکٹوں میں بعض جگہ ایسے مقام رکھے جاتے ہیں، جن کو بذریعہ لنک ملایا جاسکتا ہے یا قطع کیا جاسکتا ہے۔ بعض لنک ایسے ہوتے ہیں جن کو نٹ بولٹ کے ذریعے کس دیا جاتا ہے۔ بعض صرف ہک ٹائپ ہوتے ہیں جن کو بوقتِ ضرورت ملایا اور نکالا جاسکتا ہے۔

فیوز برقی سرکٹوں میں ایسی جگہ لگائے جاتے ہیں جہاں سے زیادہ کرنٹ گزرنے کی صورت میں برقی سپلائی کو منقطع کرنا ضروری ہو۔ فیوز کے ساتھ اس کی شرح کرنٹ بھی ظاہر کی جاتی ہے۔ مختلف ممالک میں اس کے لیے مختلف علامات استعمال کی جاتی ہیں۔ قدیم وضع کے فیوز شیشے کی نلکی میں بنائے جاتے تھے لیکن جدید سرکٹوں میں ان کی بناوٹ کئی قسم کی ہوتی ہے۔ تصاویر میں ان کی ظاہری بناوٹ دی گئی ہیں۔




Link normally closed



لنک (عام بناوٹ)

Link normally closed with bolt contacts



بولٹ والا لنک

Hinged link normally open




لنک جو عام طور پر کھلا ہے لیکن اس کو بوقت ضرورت ملایا جاسکتا ہے۔

Fuse general symbol



فیوز عام علامت (متبادل علامت)

Fuse - thick side indicates supply line




فیوز، سیاہ حصہ سپلائی لائن والی سائیڈ کو ظاہر کرتا ہے


Fuse general symbol (alternative)



فیوز عام علامت



Fuse general symbol, with bolt terminals



بولٹ والا فیوز

Fuse with alarm contact

Fuse with alarm contact (alternative)





الارم والا فیوز

7

آواز دینے والے آلات

الیکٹرانک سرکٹوں میں آواز دینے والے مختلف آلات استعمال کیے جاتے ہیں۔ ان میں لاؤڈ اسپیکر، گھنٹی، ہارن، بزر اور سائرن وغیرہ شامل ہیں۔


لاؤڈ اسپیکر

لاؤڈ اسپیکر کئی قسم کے ہوتے ہیں۔ بلحاظ بناوٹ جدید لاؤڈ اسپیکر مستقل مقناطیس، وائس کائل، کون (CONE) اور بیرونی دھاتی ساخت پر مشتمل ہوتا ہے۔ یہ 2 سے 18 انچ سائز تک بنایا جاتا ہے۔ عام لاؤڈ اسپیکر 1 واٹ سے سو واٹ تک شرح پاور کا ہوتا ہے۔ یہ لاؤڈ اسپیکر ریڈیو، ٹی وی، ٹیپ ریکارڈر اور سینما ہال میں استعمال کیا جاتا ہے۔ لاؤڈ اسپیکر بلحاظ بناوٹ اور سائز مختلف فری کوئنسی رینج کے لیے بھی بنائے جاتے ہیں۔ ان میں ٹویٹر، مڈ رینج اور ووفر شامل ہیں۔ ٹویٹر ہائی فری کوئنسی (گھنگھروں وغیرہ کی جھنکار اور دوسرے بلند فری

کوئنسی آلات کی آواز) کو بہتر طور پر پیدا کرتا ہے۔ مڈ رینج درمیانی فریکوئنسی کی آواز کو بہتر طریقے سے پیدا کرتا ہے اور ووفر لو فری کوئنسی کی آواز کے لیے موزوں ہوتا ہے۔

لاؤڈ اسپیکر کی خصوصیات میں اس کے وائس کوائل کا امپیڈنس اور اس کی پاور ریٹنگ (شرح پاور) نہایت درجہ اہمیت رکھتی ہے۔ عام طور پر وائس کوائل کا امپیڈنس تین اوہم ، آٹھ اوہم یا سولہ اوہم ہوتا ہے۔ کسی سرکٹ میں لاؤڈ اسپیکر کے دیئے گئے امپیڈنس کے برابر امپیڈنس کا اسپیکر لگانے سے ہی درست اور پوری طاقت حاصل ہوتی ہے۔ غلط امپیڈنس کا اسپیکر لگانے سے نہ صرف آواز میں بگاڑ پیدا ہوتا ہے بلکہ متعلقہ آلہ سے حاصل ہونے والی پاور بھی کم و بیش ہوتی ہے اور بعض اوقات متعلقہ آلے کو بھی نقصان پہنچ جاتا ہے۔ لاؤڈ اسپیکر کی شرح پاور بھی متعلقہ آلہ سے حاصل ہونے والی شرح پاور کے برابر ہونا چاہیے۔

پبلک ایڈریس سسٹم میں استعمال ہونے والے لاؤڈ اسپیکر دو حصوں پر مشتمل ہوتے ہیں۔ 1۔ ڈرائیور یونٹ۔ 2۔ ہارن۔ ڈرائیور یونٹ مستقل مقناطیس اور ڈایا فرام پر مشتمل ہوتا ہے۔ اس کو ہارن کے ساتھ بذریعہ نٹ پیچ کس دیا جاتا ہے۔ یہ لاؤڈ اسپیکر زیادہ شرح پاور کے ہوتے ہیں۔ ان کا لو فری کوئنسی ریسپانس بہت کم ہوتا ہے۔ لیکن آواز کی دیگر فری کوئنسیوں پر بہت اچھا کام دیتے ہیں۔



ہیڈ فون



لاؤڈ اسپیکر



یونٹ ہارن

Electric bell

گھنٹی




Electric buzzer

بذر



Electric siren

سائرن




Electric horn

ہارن



Loudspeaker general symbol

لاؤڈ اسپیکر عام علامت



Loudspeaker - moving coil

موونگ کوائل والا لاؤڈ اسپیکر




Loudspeaker - moving coil (alternative)

موونگ کوائل لاؤڈ اسپیکر متبادل علامت




Handset

ٹیلی فون ہینڈ سیٹ (اسپیکر اور مائیکروفون)




Earphone general symbol

ایئرفون عام علامت




Earphone - moving coil

موونگ کوائل ایئرفون




Earphone - crystal

کرسٹل ایئرفون




Headset

ہیڈ ایئرفون جوڑا



Loudspeaker microphone

لاؤڈ اسپیکر مائیکروفون



TRANSDUCER


ٹرانسڈیوسر






8

انڈیکیٹرز

الیکٹرانک آلات میں سوئچوں کی مختلف پوزیشنوں اور مختلف عوامل کے اظہار کے لیے پینل پر مختلف قسم کے انڈیکیٹرز لگائے جاتے ہیں۔ یہ مختلف رنگوں کے نشانات یا روشنی کے ذریعے کسی فنکشن کو واضح کرتے ہیں۔ انڈیکیٹرز عام طور پر نیون لیمپ، ڈائل لیمپ، ایل ای ڈی یا رنگوں کی پٹریوں پر مشتمل ہوتے ہیں ان کی علامات مندرجہ ذیل ہیں۔




Symbol	Description	اردو
	Indicator general symbol	عام علامت
	Indicator with alarm contacts	الارم والا انڈیکیٹر
	Solenoid operated flag indicator	جھنڈی والا انڈیکیٹر کوائل
	Signal lamp general symbol	ڈائل لیمپ
	Electroluminescent device e.g. LED	برقی دباؤ سے روشن ہونیوالا انڈیکیٹر مثلاً ایل ای ڈی وغیرہ
	Light operated electroluminescent device e.g. LDR	روشنی سے رُوبہ عمل ہونے والا انڈیکیٹر


9

لیمپ

الیکٹرانک سرکٹوں میں مختلف قسم کے لیمپ بھی استعمال ہوتے ہیں۔ ان کو مختلف علامات سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ یہ علامات ان کی مختلف قسموں کی بناء پر وضع کی گئی ہیں۔

اگلے صفحے پر ان علامات کی تفصیل دی گئی ہے۔



	عام برقی لیمپ
	Filament lamp ٹائل لیمپ یا برقی لیمپ
	neon lamp نیون لیمپ
	Cold cathode discharge lamp کولڈ کیتھوڈ ڈسچارج لیمپ
	Discharge lamp general symbol ڈسچارج لیمپ کی عام علامت
	Hot cathode discharge lamp e. g. fluore-scent tube گرم کیتھوڈ والی فلورسینٹ ٹیوب


10

برقی رو

برقی رو دو قسم کی ہوتی ہے۔ اے سی برقی رو اور ڈی سی برقی رو۔

1: اے سی برقی رو

اے سی برقی رو ہر وقت تبدیل ہوتے رہنے والی برقی رو ہے۔ اس کی ہر لائن ایک سیکنڈ میں کئی دفعہ مثبت اور منفی برقی دباؤ میں تبدیل ہوتی ہے۔ اس تبدیلی کی شرح فی سیکنڈ کو فری کوئنسی کہا جاتا ہے۔ جیسا کہ ذیل کی شکل سے واضح ہے کہ یہ پہلے نصف چکر کے دوران صفر سے بڑھتے ہوئے اپنی انتہائی مثبت



بلندی تک پہنچ کر واپس صفر تک آ جاتی ہے اور پھر الٹ رُخ پر بڑھتے ہوئے اپنی انتہائی منفی بلندی تک پہنچ کر واپس صفر تک آ جاتی ہے۔ مثبت اور منفی

نصف چکر مل کر ایک مکمل چکر بناتے ہیں۔ ایک سیکنڈ میں عام گھریلو بجلی ایسے پچاس چکر مکمل کرتی ہے۔ ایک سیکنڈ میں کوئی برقی رو جتنے چکر مکمل کرتی ہے یہ اس کی فری کوئنسی کہلاتی ہے۔ جیسا کہ پچھلے صفحہ کی شکل سے ظاہر ہے اے سی برقی رو ٹیلوں کی شکل کی ہوتی ہے۔ اگر ہر ٹیلے کو یکساں مربعے میں تبدیل کر دیا جائے تو اس کی بلندی کافی کم ہو جائے گی۔ یہی بلندی اس کی اصل ویلیو کے برابر ہوتی ہے اس کو RMS ویلیو کہا جاتا ہے۔ اس کی زیادہ سے زیادہ بلندی کو E max کہا جاتا ہے۔ یہ ویلیو (RMS اور E max) وولٹ میں ہوتی ہے۔ گھریلو برقی رو 230 وولٹ پچاس سائیکل فی سیکنڈ کی ہوتی ہے۔ 230 وولٹ اس کی RMS ویلیو ہے۔ اس کی E max (زیادہ سے زیادہ بلندی) 325 وولٹ کے قریب ہوتی ہے

ڈی سی برقی رو

ڈی سی برقی رو یک رُخی کرنٹ کی برقی رو ہے۔ اس کی مثبت تار ہمیشہ مثبت اور منفی تار ہمیشہ منفی رہتی ہے۔ اس کا برقی دباؤ حقیقی ہوتا ہے۔ اور بعینہ درج کیا جاتا ہے



الیکٹرانک سرکٹوں میں برقی رو اور بیٹری وغیرہ کو مختلف علامات کے ذریعے ظاہر کیا جاتا ہے۔ بعض جگہ تو ڈی سی لائن یا اے سی لائن کو ظاہر کرنے کے لیے دو تاروں کو دکھایا جاتا ہے جن پر قسم اور برقی دباؤ لکھ دیا جاتا ہے لیکن بعض جگہ علامات کا سہارا لیا جاتا ہے۔ اگلے صفحہ پر مختلف علامات کی وضاحت کی گئی ہے۔

D.C VOLTAGE

ڈی سی برقی دباؤ



Alternating voltage or current (AC) - low frequency

اے سی برقی لائن کم فری کوینسی



Alternating voltage or current (AC) - medium frequency

اے سی برقی لائن - درمیانہ فری کوینسی



Alternating voltage or current (AC) - high frequency

اے سی برقی لائن - بلند فری کوینسی




AC. DC VOLTAGA

اے سی اور ڈی سی برقی لائن



Cell (+ ve. sign optional)

سنگل سیل بیٹری



Battery (+ve. sign optional)

کئی سیلوں پر مشتمل بیٹری



Battery (alternative) (+ve. sign optional)

کئی سیلوں پر مشتمل بیٹری (متبادل علامت)



E.H.T

بہت زیادہ ہائی وولٹیج



11

کیپسٹرز

کیپسٹر جس کو ابتدا میں کنڈینسر کہا جاتا تھا، الیکٹرانک سرکٹوں میں کثیر تعداد میں استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ دو دھاتی پلیٹوں یا پلیٹوں کے دو سیٹوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ ان پلیٹوں کا جتنا رقبہ آمنے سامنے ہوتا ہے اس کی بنیاد پر اس کی کیپے سٹی مقرر کی جاتی ہے۔ کیپسٹر کی بنیادی اکائی فیراڈ ہے لیکن چونکہ یہ بہت بڑی اکائی ہے اس لیے اس کا دس لاکھواں حصہ بطور بنیادی اکائی استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کو مائیکروفیراڈ کہا جاتا ہے۔ الیکٹرانک سرکٹوں کے بعض حصوں کے لیے مائیکروفیراڈ بھی بہت بڑی اکائی ہے۔ ان حصوں میں مائیکروفیراڈ اکائی کا ہزارواں حصہ یعنی نینوفیراڈ یا دس لاکھواں حصہ یعنی پیکوفیراڈ بھی بطور اکائی استعمال ہوتا ہے۔

ایک مائیکروفیراڈ = $\frac{1}{1000000}$ فیراڈ

ایک نینوفیراڈ = $\frac{1}{1000}$ مائیکروفیراڈ

ایک پیکوفیراڈ = $\frac{1}{1000000}$ مائیکروفیراڈ

فیراڈ کو F ، مائیکروفیراڈ کو μF ، نینوفیراڈ کو NF اور پیکوفیراڈ کو PF

لکھا جاتا ہے۔

کیپے سٹروں کی کیپے سٹی کا اندراج ان کے اوپر کیا جاتا ہے اس کے ساتھ ہی زیادہ سے زیادہ وولٹیج جن پر وہ کیپسٹر کام کر سکتا ہے، بھی لکھے جاتے ہیں بعض کمپنیاں کیپے سٹی کے اندراج کے لیے کلر کوڈ کا استعمال بھی کرتی ہیں۔

کیپے سٹی کا اندراج براہِ راست بھی لکھا جاتا ہے جیسے 16μF ، 4.7μF یا 3.3μF ۔ یورپ میں اعشاری قیمتوں کو مختلف انداز میں لکھتے ہیں مثلاً 4μ7 یا 0μ1 یعنی 4.7μF یا 0.1μF وغیرہ

تین ہندسوں کا نظام

اس نظام میں چھوٹے کیپسٹر کی کیپے سٹی پیکوفیراڈز میں درج کی جاتی ہے اس مقصد کے لیے تین ہندسے استعمال کیے جاتے ہیں۔ بائیں طرف کا پہلا ہندسہ اور دوسرا ہندسہ بائیں طرف کے پہلے اور دوسرے ہندسے کو ظاہر کرتا ہے۔ جبکہ دائیں طرف کا پہلا ہندسہ صفروں کی تعداد کو ظاہر کرتا ہے۔ مثلاً 471 سے مراد 470PF ہے۔ اسی طرح 222 سے 2200PF اور 503 سے مراد 50000PF ہے۔

کیپسٹروں کا استعمال؛

کیپسٹروں کا استعمال ان کی خصوصیات کی بناء پر الیکٹرانک سرکٹوں میں بہت زیادہ کیا جاتا ہے۔ بڑے سائز کے کیپسٹر فلٹر سرکٹوں (ڈی سی برقی رو کو ہموار کرنے) بائی پاس اور ڈی کپلنگ سرکٹوں میں استعمال کیے جاتے ہیں۔ درمیانے اور چھوٹے سائز کے کیپسٹر ایک درجہ سے دوسرے درجہ کو ملانے کے لیے استعمال کیے جاتے






ہیں۔ کیپسٹر کی بنیادی خصوصیات میں سے ایک بڑی خصوصیت یہ ہے کہ یہ اے سی برقی رو یا سگنل کے لیے آسان راستہ فراہم کرتا ہے جبکہ ڈی سی برقی رو کے لیے موثر رکاوٹ پیش کرتا ہے۔ ان درجوں میں کیپسٹر کے سائز کا انحصار متعلقہ فری کوینسی کی کیفیت پر ہے۔ ٹیوننگ سرکٹوں میں ویری ایبل کیپسٹر استعمال کیے جاتے ہیں۔





اکثر کیپسٹر پولرائزڈ ہوتے ہیں یعنی ان کا منفی اور مثبت سرا مقررہ ہوتا ہے عام طور پر منفی یا مثبت سرے پر واضح طور پر - (منفی) یا + مثبت کا نشان بنا ہوا ہوتا ہے۔ اسی طرح سرکٹوں میں بھی کیپسٹروں کی علامات کے ساتھ + مثبت کا نشان درج کر دیا جاتا ہے تاکہ یہ واضح ہو جائے کہ اس طرف مثبت سرا لگانا چاہیئے۔


ایک مائیکرو فیراڈ سے کم کیپسٹی کے اکثر کیپسٹر نان پولرائزڈ ہوتے ہیں۔ ان پر منفی یا مثبت کا نشان نہیں ہوتا۔ ان کو سرکٹ میں کسی طرح بھی لگا دیں کوئی فرق نہیں پڑتا۔ ٹیوننگ کیپسٹروں میں ان کی دھاتی باڈی یا ٹیوننگ شافٹ سے ملا ہوا سرا جیسی گراؤنڈ یا ارتھ سے ملایا جاتا ہے۔

کیپسٹروں کے ورکنگ وولٹیج

کیپسٹروں کے اوپر ان کی کیپسٹی کے علاوہ ان کے زیادہ سے زیادہ وولٹیج جن پر وہ کام کر سکتے ہیں بھی درج ہوتے ہیں۔ کیپسٹر کے ورکنگ وولٹیج کا انتخاب سرکٹ کے وولٹیج سے کم از کم ڈیڑھ گنا کرنا چاہیے۔ مثلاً جو سرکٹ ڈی سی چھ وولٹ پر کام کر رہا ہو اس کے لیے کم از کم 9 وولٹ یا دس وولٹ کے کیپسٹروں کا استعمال کریں، اسی طرح دس وولٹ کے لیے 15 وولٹ، 12 وولٹ سپلائی کے لیے 25 وولٹ وغیرہ کے کیپسٹر استعمال کریں۔

	Capacitor general symbol	کیپسٹر عام علامت
	Polorised capacitor	الیکٹرولائٹک کیپسٹر عام علامت
	Polarised electrolytic capacitor	الیکٹرولائٹک کیپسٹر متبادل علامت
	electrolytic capacitor	الیکٹرولائٹک کیپسٹر متبادل علامت
	Variable capacitor general symbol	ویری ایبل کیپسٹر عام علامت
	GANGED Variable capacitor	گینگڈ (مشترک شافٹ والے) ویری ایبل کیپسٹرز

	Pre-set variable capacitor پری سیٹ ویری ایبل کیپسٹر
Pre-set variable capacitor پری سیٹ ویری ایبل کیپسٹر متبادل علامت	
	Variable differential capacitor ویری ایبل ڈفرینشل کیپسٹر
Variable split stator capacitor ویری ایبل سپلٹ کیپسٹر	



12

رزسٹر یا رزسٹنس

رزسٹر یا رزسٹنس الیکٹرانک سرکٹوں میں بہت زیادہ استعمال ہونے والا پرزہ ہے۔ اس کی بہت سی اقسام ہیں۔ اس کا استعمال کرنٹ کی راہ میں مزاحمت پیدا کرنے کے لیے کیا جاتا ہے تاکہ کسی دور میں مطلوبہ مقدار میں کرنٹ گزارا جا سکے۔ پہلے پہل رزسٹر ایک خاص قسم کے تار سے بنائے جاتے تھے۔ ان کو وائر واؤنڈ رزسٹنس (WWR) کہا جاتا ہے۔ بعد میں یہ کاربن اور بعض دھاتوں سے بھی بنائے جانے لگے۔ کاربن رزسٹنس بھی بلحاظ بناوٹ بہت سی اقسام کے ہیں ان کا سائز ان کی واٹیج کے لحاظ سے مقرر کیا جاتا ہے۔ اکثر اقسام کے ویری ایبل رزسٹنس کاربن کے بنائے جاتے ہیں۔ الیکٹرانک سرکٹوں میں زیادہ تر کاربن کے رزسٹر ہی استعمال کیے جاتے ہیں لیکن جہاں بہت زیادہ کرنٹ گزرنے سے رزسٹر میں زیادہ گرمی پیدا ہونے کا امکان ہو وہاں تار سے بنے ہوئے رزسٹنس استعمال کیے جاتے ہیں۔ کاربن کے تمام رزسٹنسوں کی مقدار کلر کوڈ کے ذریعے ظاہر کی جاتی ہے۔

وائر وائنڈ رزسٹنسوں کے اوپر براہ راست ان کی مقدار درج کی جاتی ہے۔

کاربن رزسٹرز $\frac{1}{8}$ ، $\frac{1}{4}$ ، $\frac{1}{2}$ اور ایک اور دو واٹ سائز کے ہوتے ہیں۔ اس سے بڑے رزسٹنس تار سے بنائے جاتے ہیں اور ان پر چینی مٹی کی تہہ چڑھائی جاتی ہے۔ رزسٹنس کی بنیادی اکائی اوہم ہے۔ الیکٹرانک سرکٹوں میں چند اوہم سے کئی لاکھ اوہم تک کے رزسٹنس استعمال کیے جاتے ہیں۔ رزسٹنس کی مقدار کے ساتھ نشان اوہم (Ω) لکھا جاتا ہے۔

بڑی مقدار کے لیے لفظ K یعنی کلو (ہزار) اور M یعنی میگ (دس لاکھ) بھی لکھا جاتا ہے۔ ایک ہزار اوہم کو 1K R چار ہزار سات سو اوہم 4K7R اور دس لاکھ اوہم کو 1MR لکھا جاتا ہے بصورت دیگر 1KΩ ، 4.7KΩ ، اور 1MΩ وغیرہ بالترتیب لکھا جاتا ہے۔

رزسٹنس معلوم کرنے کا کلیہ درج ذیل ہے۔

$$R = \frac{E}{I}$$

جبکہ R یعنی رزسٹنس اوہمز میں ، E یعنی برقی دباؤ وولٹ میں اور I یعنی کرنٹ ایمپئرز میں ہو۔

رزسٹنس کلر کوڈ


کتاب کے آخر میں رزسٹنس کلر کوڈ دیا گیا ہے۔ آپ کو اس کی اچھی طرح مشق کر کے رزسٹنس کی ویلیو معلوم کرنا آجانا چاہیے۔ بازار سے ملی جلی ویلیو کے چند رزسٹر خرید کر لے آئیں، اور ان کی ویلیو ان کے رنگوں کے کوڈ سے معلوم کریں۔

ٹرانزسٹر سرکٹوں میں عام طور پر $\frac{1}{4}$ یا $\frac{1}{2}$ واٹ کے رزسٹنس استعمال


کیے جاتے ہیں اور یہ خاصے موزوں ہوتے ہیں لیکن جہاں کرنٹ کی مقدار بہت زیادہ ہو وہاں بڑے سائز کے رزسٹنس استعمال کرنا چاہئیں۔ عام طور پر سرکٹ ڈایاگرام کی تفصیلات میں رزسٹنسوں کا سائز (واٹیج) بیان کر دی جاتی ہے۔ جہاں بڑے سائز کے رزسٹنس درج ہوں وہاں کم از کم اسی سائز کا رزسٹنس لگائیں مثلاً اگر کسی جگہ 10Ω ، 2 واٹ کا رزسٹنس درج کیا گیا ہو، آپ وہاں دس اوہم اور کم از کم دو واٹ سائز کا رزسٹنس لگائیں، آپ دو کی بجائے تین واٹ کا رزسٹر استعمال کر سکتے ہیں۔ لیکن دو واٹ کی بجائے ایک واٹ سائز کا رزسٹنس نہیں استعمال کر سکتے۔

ویری ایبل رزسٹنس بطور والیم کنٹرول، ٹون کنٹرول اور لیول کنٹرول کے استعمال ہوتے ہیں۔ ان کا درمیانی پوائنٹ ان کا وہ سرا ہوتا ہے جو رزسٹنس ایلیمنٹ کے اوپر حرکت کرتا ہے۔

پری سیٹ رزسٹنس گول بناوٹ کے ہوتے ہیں۔ ان کی ویلیو کم و بیش کرنے کے لیے ان کے درمیان میں پیچ کش ڈالنے کی جھری ہوتی ہے۔ اس جھری میں پیچ کش کی نوک ڈال کر ان کی ویلیو ایڈجسٹ کر دیا جاتا ہے۔ یہ پرنٹ سرکٹ بورڈ میں ہی فٹ کیے جاتے ہیں۔



Fixed resistor



رزسٹنس عام علامت

Fixed resistor (alternative)



رزسٹنس متبادل علامت

Variable resistor




ویری ایبل رزسٹنس عام علامت

Variable resistor (alternative)




ویری ایبل رزسٹنس متبادل علامت

Variable resistor (alternative)



ویری ایبل رزسٹنس متبادل علامت

Variable resistor (alternative)



ویری ایبل رزسٹنس متبادل علامت

Pre-set variable resistor




پری سیٹ ویری ایبل رزسٹنس

Pre-set variable resistor (alternative)




پری سیٹ ویری ایبل رزسٹنس متبادل علامت

Temperature compensating resistor



ٹمپریچر کمپنسیٹنگ رزسٹنس

Temperature compensating resistor (alternative)




ٹمپریچر کمپنسیٹنگ رزسٹنس متبادل علامت

Carbon pile resistor



کاربن پائل رزسٹنس

Liquid resistor




مائع (لیکوئیڈ) رزسٹر

Protective fusible resistor



محفوظ کردہ پگھل جانے والا رزسٹر
(پروٹیکٹڈ فیوزایبل رزسٹر)




Non-reactive resistor



نان ری ایکٹو رزسٹر

Tapped resistor



ٹیپ والا رزسٹر

Tapped resistor (alternative)



ٹیپ والا رزسٹر متبادل علامت

Heater
Heater (alternative)





ہیٹر ۔ گرمی پیدا کرنے والا رزسٹر



نان فلیم ایبل (جل کر شعلہ نہ دینے
والا) رزسٹر۔

13


کرسٹل

الیکٹرانک سرکٹوں میں مقررہ فری کوئنسی کے آسی لیٹر سرکٹوں میں کرسٹل کا استعمال کیا جاتا ہے۔ کرسٹل اپنے سائز اور موٹائی کے لحاظ سے ایک مقررہ فری کوئنسی پر آسی لیٹ کرتی ہے اس لیے ایسے آسی لیٹر جن میں کرسٹل کا استعمال کیا گیا ہو۔ بڑی حد تک مستحکم فری کوئنسی پیدا کرتے ہیں۔ ہر کرسٹل کی فری کوئنسی ان پر مندرج ہوتی ہے۔

کرسٹل کا استعمال مائیکروفون اور ایئرفون وغیرہ میں بھی کیا جاتا ہے۔ جن آلات میں کرسٹل کا استعمال کیا گیا ہو وہاں وضاحت کے لیے اس آلہ کی علامت کے ساتھ اس میں کرسٹل کی علامت بھی بنا دی جاتی ہے۔




Oscillating crystal



فیزو کرسٹل کی عام علامت

Oscillating crystal (alternative)

فیزو کرسٹل
متبادل علامت



14

انڈکٹرز

(کوائل ۔ چوک، ٹرانسفارمر وغیرہ)

الیکٹرانکس میں تانبے کی انیمل کردہ تاروں کو کسی گول یا چورس فارمر پر لپیٹ کر انڈکٹرز یا کوائل بنائے جاتے ہیں، کوائل کے انڈکٹنس کی پیمائش ہنری، ملی ہنری اور مائیکرو ہنری میں کی جاتی ہے ۔ بہت بڑے انڈکٹرز کی پیمائش ہنری میں کی جاتی ہے لیکن ریڈیو اور دیگر الیکٹرونک آلات میں ان کی پیمائش ملی ہنری اور مائیکرو ہنری میں کی جاتی ہے ۔

جب دو کوائل اس طرح واقع ہوں کہ ایک کوائل میں پیدا ہونے والا مقناطیسی میدان دوسرے کوائل میں اثر انداز ہو تو ان کوائلوں کو ٹرانسفارمر کہا جاتا ہے ۔ یہ بات ذہن میں رکھیں کہ ٹرانسفارمنگ کا عمل صرف اے سی کے مقناطیسی میدان میں ہی واقع ہوتا ہے ۔ ٹرانسفارمنگ کے عمل کو بڑھانے کے لیے ان کوائلوں میں کوئی نہ کوئی ذریعہ (کور) استعمال کیا جاتا ہے جس میں سے مقناطیسی لائینیں ایک کوائل سے گزر کر دوسرے کوائل پر اثر انداز ہوتی ہیں ۔ اگر ایسا کوئی واسطہ

موجود نہ ہو تو ایسی صورت میں چونکہ مقناطیسی لائنیں صرف ہوا میں سے گزر کر جاتی ہیں، اس لیے ایسے ٹرانسفارمر کو ائیر کور ٹرانسفارمر کہا جاتا ہے۔ اگر لوہے کے برادہ کی کور استعمال کی جائے تو اسے فیرائیٹ کور والا ٹرانسفارمر کہا جاتا ہے اور اگر لوہے کی پتریاں استعمال کی جائیں تو اسے آئرن کور ٹرانسفارمر کہا جاتا ہے۔ ریڈیو فریکوینسی اور ہائی فریکوینسی میں ائیر کور یا فیرائیٹ کور استعمال کی جاتی ہے جبکہ لو فریکوینسی ٹرانسفارمروں میں آئرن کور استعمال کی جاتی ہے۔

جب کسی سرکٹ میں انڈکٹرز دکھائے جاتے ہیں تو یا تو ان کے انڈکٹنس کی مقدار لکھی جاتی ہے یا پھر چکروں کی تعداد، فارمر کا سائز، تار کا نمبر اور وائنڈنگ کی کل لمبائی درج کی جاتی ہے۔ لو فریکوینسی ٹرانسفارمروں میں بعض اوقات ٹرن ریشیو (پرائمری اور سیکنڈری وائنڈنگ کے چکروں کی باہمی نسبت) یا وولٹیج کی نسبت درج کی جاتی ہے۔ برقی ٹرانسفارمروں میں پرائمری وائنڈنگ بالعموم ۲۳۰ وولٹ اے سی کے لیے ہوتی ہے۔ اس صورت میں صرف سیکنڈری وائنڈنگ کے وولٹیج اور شرح کرنٹ درج کی جاتی ہے۔


ٹرانسفارمر اپنے چکروں کے لحاظ سے وولٹیج کو بڑھا بھی سکتے ہیں اور کم بھی کر سکتے ہیں۔ بڑھانے والے ٹرانسفارمر کو سٹیپ اپ اور کم کرنے والے ٹرانسفارمر کو سٹیپ ڈاؤن ٹرانسفارمر کہا جاتا ہے۔


گھریلو استعمال کے عام آلات میں زیادہ تر سٹیپ ڈاؤن ٹرانسفارمر ہی استعمال کیے جاتے ہیں۔ پرائمری وائنڈنگ جو کہ ۲۳۰ وولٹ اے سی سے ملائی جاتی ہے، عموماً باریک تار سے وائنڈ کی جاتی ہے اس وائنڈنگ


کی رزسٹنس زیادہ ہوتی ہے۔ سیکنڈری وائنڈنگ عام طور پر موٹے تار سے وائنڈ کی جاتی ہے اور اس کی رزسٹنس کافی کم ہوتی ہے۔ ٹرانسفارمر کے مشہور ترین کلیے مندرجہ ذیل ہیں:

(۱) پرائمری وائنڈنگ کے چکر / سیکنڈری وائنڈنگ کے چکر = پرائمری کے وولٹیج / سیکنڈری کے وولٹیج

(۲) پرائمری وائنڈنگ کے وولٹ × ایمپیئرز = سیکنڈری وائنڈنگ کے وولٹ × ایمپیئرز







Inductive winding e. g. choke or coil

انڈکٹو وائنڈنگ



Inductive winding (alternative)

انڈکٹو وائنڈنگ تبادل علامت



Inductive winding (alternative)

انڈکٹو وائنڈنگ تبادل علامت




Tapped inductive winding

انڈکٹو وائنڈنگ جس میں سے ٹیپ نکالی گئی ہے




CHOKE

چوک (لو فریکوئنسی)




Air core transformer

ریڈیو فریکوئنسی یا ہائی فریکوئنسی ٹرانسفارمر (ایئر کور)



Magnetic core transformer

لو فریکوئنسی ٹرانسفارمر (آئرن کور)




Transformer with tapped secondary windings

لو فریکوئنسی ٹرانسفارمر، سیکنڈری سنٹر ٹیپڈ



Transformer with separate secondary windings

لو فریکوئنسی ٹرانسفارمر دو سیکنڈری وائنڈنگ والا




AUTO TRANSFORMER

آٹو ٹرانسفارمر



Transformer with adjustable magnetic core

ویری ایبل انڈکشن ٹرانسفارمر




Inductive winding with dust core

فیرائٹ کور والا ٹرانسفارمر

I. F. Transformer




آئی ایف ٹرانسفارمر



I.F. Transformer


آئی۔ ایف ٹرانسفارمر متبادل علامت

DELAY LINE



ڈیلے لائن

ٹرانسفارمرز



15

مائیکروفون پک اپ ہیڈ

ٹیپ اور ویڈیو ہیڈ

آڈیو اور ویڈیو آلات میں ان پٹ سرکٹ میں مختلف قسم کے سگنل مہیا کرنے والے آلات استعمال کیے جاتے ہیں۔ یہ آلات صوتی یا تصویری اشاروں کو سگنل وولٹیج میں تبدیل کر کے ان آلات کے داخلی سرکٹ کو مہیا کرتے ہیں، جہاں ان کو مناسب طور پر بڑھا کر اور چھان پھٹک کر کے مطلوبہ نتائج حاصل کیے جاتے ہیں۔ ان میں مختلف اقسام کے مائیکروفون، پک اپ اور ٹیپ ہیڈز شامل ہیں۔

مائیکروفون:

یہ آلہ صوتی آواز کو آواز کی لہروں میں تبدیل کرتا ہے۔ یہ لہریں اے سی وولٹیج کی شکل میں ہوتی ہیں جن کی فریکوئنسی موصولہ آواز کے مطابق ہوتی ہے اور ان کی بلندی آواز کے زیروبم کے عین مطابق کم و بیش ہوتی ہے۔ مائیکروفون زیادہ تر موونگ کوائل ٹائپ استعمال کیے جاتے ہیں۔ ان میں ڈایافرام کے ساتھ ایک کوائل بنا ہوتا ہے جو کہ ایک مستقل مقناطیسی میدان میں آواز کے زیروبم اور

فری کوئنسی کے عین مطابق تھرتھراتا ہے جس سے آواز کی فریکوئنسی اور بلندی کے عین مطابق اے سی وولٹیج پیدا ہوتے ہیں۔ یہ اے سی وولٹیج چند مائیکرو وولٹ سے چند ملی وولٹ تک ہوتے ہیں جن کو لے ایف ایمپلی فائر کے ذریعے بڑھا لیا جاتا ہے۔ اس قسم کے مائیکروفون کو ڈائنامک مائیکروفون بھی کہا جاتا ہے۔ اس کی آؤٹ پٹ میں ایک ٹرانسفارمر استعمال کیا جاتا ہے جس کی داخلی مزاحمت (امپیڈنس) چند سو سے کئی ہزار اوہم تک ہوتی ہے۔ مائیکروفون کے ساتھ ہمیشہ شیلڈ وائر (جالی دار تار) استعمال کرنا چاہیے۔


ٹیپ ہیڈ :


ٹیپ ہیڈ ٹیپ کے فیتہ سے آواز کا سگنل حاصل کرتا ہے۔ اس میں لوہے کی جھری دار کور میں ایک کوائل لپٹا ہوا ہوتا ہے۔ ٹیپ کے فیتہ پر آواز کے اشارے مقناطیسی میدان کی صورت میں ریکارڈ شدہ ہوتے ہیں۔ جب یہ مقناطیسی میدان لوہے کی کور کی جھری کے ساتھ گزرتا ہے تو ٹیپ ہیڈ کے کوائل میں اے سی برقی رو پیدا کرتا ہے۔ یہ برقی رو مقناطیسی میدان کی کمی بیشی اور فری کوئنسی کے عین مطابق ہوتی ہے۔ ٹیپ کے فیتہ پر ریکارڈ کرنے کے لیے عین اس کے الٹ عمل کیا جاتا ہے۔ ٹیپ ریکارڈ ہیڈ میں آواز کی لہروں کا سگنل اے سی وولٹیج کی شکل میں دیا جاتا ہے جو کہ ہیڈ کی لوہے کی کور میں عین اس کے مطابق مقناطیسی میدان پیدا کرتا ہے۔ ٹیپ کے فیتہ پر لوہے کے آکسائیڈ کی تہہ کی صورت میں لوہے کے انتہائی باریک ذرے لگے ہوتے ہیں جب فیتہ لوہے کی کور کی جھری کے ساتھ گزرتا ہے تو یہ ذرے اس جھری میں سے

گزرنے والے مقناطیسی میدان کے عین مطابق ترتیب پا لیتے ہیں۔ اس طرح فیتہ پر مستقل طور پر آواز کا زیر و بم ریکارڈ ہو جاتا ہے۔ ٹیپ ہیڈ میں مخصوص خصوصیات پیدا کرنے کے لیے اس کے داخلی / خارجی سرکٹ کا امپیڈنس کم و بیش رکھا جاتا ہے۔ ۵۰ اوہم سے ۵۰۰ اوہم تک کے ٹیپ ہیڈ عام استعمال کیے جاتے ہیں۔


اگلے صفحات پر ان کی علامات دی گئی ہیں :-








Microphone general symbol




مائیکروفون۔ عام علامت

Microphone - moving coil



مائیکروفون۔ موونگ کوائل ٹائپ

Microphone - condensor




کنڈینسر مائیکروفون

Microphone - crystal



کرسٹل مائیکروفون

Microphone - stereo




سٹیریو مائیکروفون

Record pickup - crystal-mono



کرسٹل گراموفون پک اپ مونو


Record pickup - moving coil - mono



کرسٹل گراموفون پک اپ متبادل علامت

Re

Record pickup - crystal-mono (alternative)





موونگ کوائل ٹائپ پک اپ

Record pickup - moving coil - mono (alternative)



موونگ آئرن ٹائپ پک اپ

Record pickup - moving iron - mono



سٹیریو کرسٹل پک اپ

Record pickup - crystal - stereo



سٹیریو موونگ کوائل پک اپ

Record pickup - moving coil - stereo




سٹیریو موونگ آئرن پک اپ۔

Magnetic playback head - mono
e.g. Tape recorder



میگنیٹک پلے ہیڈ (آڈیو ٹیپ پلیئر)

Magnetic playback head (alternative)




پلے ہیڈ میگنیٹک برائے آڈیو یا وڈیو پلے بیک

Magnetic record head - mono
e.g. Tape recorder



ریکارڈ ہیڈ (آڈیو ٹیپ کے لیے)

Magnetic record head (alternative)



ریکارڈ ہیڈ آڈیو یا وڈیو

Combined magnetic playback, record and erase head - mono




ریکارڈ، پلے بیک، ایریز ہیڈ۔ ٹیپ ریکارڈر

Magnetic erase head - mono



ایریز ہیڈ۔ آڈیو

Magnetic erase head (alternative)



ایریز ہیڈ وڈیو یا آڈیو

Magnetic playback head - stereo



سٹیریو پلے ہیڈ (آڈیو)

Magnetic record head - stereo



سٹیریو ریکارڈ ہیڈ (آڈیو)

Combined magnetic playback, record and erase head - stereo




سٹیریو۔ ریکارڈ۔ پلے بیک، ایریز ہیڈ

16

سوئچز

الیکٹرانک سرکٹوں میں کثیر مقدار میں سوئچز کا استعمال کیا جاتا ہے۔ ان میں پاور سپلائی کو آن آف کرنے والے سوئچ، ویو چینج سوئچ، ریکارڈ پلے سوئچز اور خودکار سوئچز وغیرہ شامل ہیں۔

اگلے صفحہ پر ان کی علامات کی تشریح کی گئی ہے۔




Single pole single throw (S. P. S. T.) switch



سادہ آن آف سوئچ

PUSH SWITCH



پش سوئچ

Double pole double throw (D. P. D. T.) switch



سنگل پول سنگل تھرو سوئچ


سنگل پول ڈبل تھرو سوئچ متبادل علامت

Single pole double throw (S. P. D. T.) switch




ڈبل پول سنگل تھرو گینگ سوئچ

Double pole single throw (D. P. S. T.) switch








ڈبل پول ڈبل تھرو گینگ سوئچ۔

Typical multi-position rotary switch



روٹری سوئچ

	Typical relay ریلے سوئچ
Relay coil ریلے کوائل	
	Relay coil (alternative) ریلے کوائل متبادل علامت
Telegraphers morse key مارس کوڈ ٹیلیگراف سوئچ ۔ (کی)	
	TOUCH SWITCH ٹچ سوئچ ۔

17

ڈائی اوڈز

ڈائی اوڈ دو ٹرمینل والا الیکٹرانک پرزہ ہے جو کہ کثیر مقاصد کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔ بلحاظ بناوٹ اس کی بہت سی اقسام ہیں ۔ ڈائی اوڈز جرمینیم اور سلی کان ادھاتوں سے بنائی جاتی ہیں ۔ ان کی بہت سی اقسام ہیں ۔ ذیل میں ان کی بعض بنیادی خصوصیات بتائی جاتی ہیں ۔

سگنل ڈائی اوڈز

یہ شیشے کی بنی ہوتی ہیں ۔ جرمینیم اور سلی کان دونوں دھاتوں سے بنائی جاتی ہیں ۔ یہ آواز یا تصویر کے سگنل وولٹیج کو ریکٹی فائی کرنے یا ڈی ماڈولیٹ کرنے کے لیے استعمال کی جاتی ہیں ۔ ان کے ذریعے ہائی فری کوئنسی کیریر ویوز میں سے میں سے کیریر ویو کو علیحدہ کر کے صوتی یا تصویری اشارے حاصل کیے جاتے ہیں ۔ یہ زیادہ وولٹ پر کام نہیں کر سکتی ہیں اور نہ ہی یہ زیادہ کرنٹ گزار سکتی ہیں ہر ڈائی اوڈ یکطرفہ موصل ہوتی ہے یعنی اس میں سے ایک طرف سے برقی رو گزر سکتی ہے اور دوسری طرف سے نہیں ۔ اگر آپ اپنے میٹر سے اس کا تسلسل (کنٹی نیوٹی) چیک کریں تو میٹر کے پراڈ لگانے پر یہ ایک طرف بہت

کم رزسٹنس ظاہر کرے گی اور الٹا کر پراڈ لگانے پر بہت زیادہ رزسٹنس ظاہر کرے گی۔


زینر ڈائی اوڈ

یہ ڈائی اوڈ مخصوص وولٹیج کی ہوتی ہیں اور ¼ واٹ سائز سے کئی واٹ سائز کی بنائی جاتی ہیں۔ اگر اس ڈائی اوڈ کے سیریز میں ایک مناسب سائز کا رزسٹر لگا دیا جائے تو اس پر اس کا معینہ برقی دباؤ موجود رہے گا۔ اسی لیے ان کو زیادہ تر مطلوبہ بیاس وولٹیج حاصل کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ دو وولٹ سے پچاس وولٹ تک کی زینر ڈائی اوڈ عام استعمال ہوتی ہیں۔

ریکٹی فائر ڈائی اوڈ


چونکہ ہر ڈائی اوڈ یکطرفہ موصل ہوتی ہے اس لیے ان کو اے سی برقی رَو کو ڈی سی برقی رو میں تبدیل کرنے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اس مقصد کے لیے ریکٹی فائر ڈائی اوڈ استعمال کی جاتی ہیں۔ یہ زیادہ وولٹیج اور کرنٹ کی بنائی جاتی ہیں۔ زیادہ تر سلی کان کی ڈائی اوڈ استعمال کی جاتی ہیں۔ یہ چند وولٹ سے کئی ہزار وولٹ اے سی کو ڈی سی میں تبدیل کرنے کی اہلیت کی بنائی جاتی ہیں۔ اس طرح یہ چند ملی ایمپیر سے کئی ایمپیئر کرنٹ گزارنے کی اہلیت کی بنائی جاتی ہیں۔ ان کے عمل اور بناوٹ کے اصولوں کی مکمل تشریح اسی سلسلے کی دوسری کتاب "ڈائی اوڈ۔ ٹرانزسٹرز اور ان کے سرکٹ" میں دی گئی ہیں۔

p. n. junction diode




بائی پولر جنکشن ڈائی اوڈ

p. n. junction diode (alternative)




بائی پولر جنکشن ڈائی اوڈ۔ متبادل علامت

Temperature dependent p. n. junction diode




ٹمپریچر ڈی پینڈنٹ پی این جنکشن ڈائی اوڈ

Varactor diode




ویریکٹر ڈائی اوڈ

Varactor diode (alternative)



ویریکٹر ڈائی اوڈ متبادل علامت

Tunnel diode




ٹنل ڈائی اوڈ

Zener diode (alternative)




ٹنل ڈائی اوڈ متبادل علامت

Zener diode




زینر ڈائی اوڈ عام علامت

Zener diode (alternative)




زینر ڈائی اوڈ متبادل علامت

Zener diode (alternative)




زینر ڈائی اوڈ متبادل علامت

Tunnel diode (alternative)




زینر ڈائی اوڈ متبادل علامت



ایوالانچ بریک ڈاؤن ویرسٹر

Varistor




ویرسٹر عام علامت



سنیپ ڈائی اوڈ SNAP DIODE

Backwards diode




بیک ڈائی اوڈ

Reed Diode



ریڈ ڈائی اوڈ گیلیم آرسینائیڈ

Shockley diode




شاکلے ڈائی اوڈ

Bilateral diode switch




بائی لیٹرل ڈائی اوڈ سوئچ

Photo diode general symbol




فوٹو ڈائی اوڈ

Photo sensitive diode




روشنی کی حساس ڈائی اوڈ

Photo emmisive diode




روشنی خارج کرنے والی ڈائی اوڈ
(ایل ای ڈی)




18

کنٹرولڈ ڈائی اوڈز۔ تھائی رسٹرز

یہ ڈائی اوڈ بطور کنٹرولڈ سوئچ کام کرتی ہیں۔ ان میں سے عام حالات میں کرنٹ نہیں گزرتا۔ لیکن اگر ان کے گیٹ پر مناسب ٹرگرنگ وولٹیج دے دیئے جائیں تو یہ کرنٹ گزارنا شروع کر دیتی ہے۔ ان کی بہت سی اقسام ہیں۔ ان کو الیکٹرونک سرکٹوں میں بہت سے مقاصد کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ اگلے صفحات پر ان کے لیے مستعمل علامات کی تفصیل دی گئی ہے۔






Thyrector




تھائی ریکٹر

Thyristor general symbol




تھائی رسٹر کی عام علامت

Reverse blocking diode thyristor




ریورس بلاکنگ ڈائی اوڈ تھائی رسٹر

Reverse conducting diode thyristor




بائی ڈائریکشنل ڈائی اوڈ تھائی رسٹر

Bi-directional diode thyristor



ریورس کنڈکٹنگ ڈائی اوڈ
تھائی رسٹر

Reverse blocking triode thyristor n-gate




ریورس بلاکنگ ٹرائی اوڈ این گیٹ تھائی رسٹر

Reverse blocking triode thyristor n-gate (alternative)




ریورس بلاکنگ ٹرائی اوڈ
این گیٹ تھائی رسٹر ۔ متبادل علامت

Reverse blocking triode thyristor p-gate



ریورس بلاکنگ ٹرائی اوڈ پی گیٹ تھائی رسٹر

Reverse blocking triode thyristor p-gate(alternative)




ریورس بلاکنگ ٹرائی اوڈ پی گیٹ تھائی رسٹر (متبادل علامت)

Reverse conducting triode thyristor n-gate




ریورس کنڈکٹنگ این گیٹ تھائی رسٹر

Reverse conducting triode thyristor p-gate




ریورس کنڈکٹنگ پی گیٹ تھائی رسٹر

Turn off triode thyristor n-gate




ٹرن آف ٹرائی اوڈ تھائی رسٹر این گیٹ



Turn off triode thyristor
p-gate


ٹرن آف ٹرائی اوڈ تھائی رسٹر پی گیٹ

Reverse blocking tetrode
thyristor e.g. gate
controlled switch




ریورس بلاکنگ ٹیٹرو ڈ تھائی رسٹر (گیٹ کنٹرولڈ سوئچ)

Bi-directional triode thyristor



بائی ڈائرکشنل ٹرائی اوڈ تھائی رسٹر



اینوڈ = a
کیتھوڈ = c, K
گیٹ = g - G
گیٹ نمبر۱ = g_1
گیٹ نمبر۲ = g_2

19

ٹرانزسٹرز


آج سے کچھ عرصہ پیشتر والوز کا استعمال الیکٹرانک سرکٹوں میں کیا جاتا تھا۔ لیکن گزشتہ چند سالوں میں ٹرانزسٹروں نے ان کی جگہ لے لی ہے۔ آج کل تقریباً ہر قسم کے سرکٹوں میں ٹرانزسٹرز کا استعمال کثیر مقدار میں کیا جاتا ہے۔ پہلے پہل پوائنٹ کنٹیکٹ ٹرانزسٹر ایجاد ہوئے۔


ان کی ساخت ڈی ڈیٹیکٹر ڈائی اوڈ کی طرح ہی تھی۔ جرمینیم کی کرسٹل کے ساتھ دو نقطوں پر دو عدد نوکدار تاریں اس طرح ملائی جاتی تھیں کہ وہ یک طرفہ موصل جوڑ بناتے تھے۔ ان کو پوائنٹ کنٹیکٹ ٹرانزسٹر کا نام دیا گیا۔ یہ نام ان کی اس خصوصیت کی بنا پر دیا گیا کہ اس میں ایک سرکٹ سے دوسرے سرکٹ میں کرنٹ ٹرانسفر ہوتا تھا۔ چونکہ داخلی سرکٹ کا رزسٹنس کم اور خارجی سرکٹ کا رزسٹنس زیادہ ہوتا تھا اس لیے کرنٹ گین حاصل ہوتا تھا چنانچہ اس کا نام کرنٹ ٹرانسفر رزسٹر رکھا گیا جس کو مختصر کر کے ٹرانزسٹر کہا جانے لگا۔


پوائنٹ کنٹیکٹ ٹرانزسٹر کے بعد جنکشن ٹرانزسٹر ایجاد ہوا۔ اس کے بعد لیوتی جنکشن، ایف ای ٹی (فیلڈ ایفیکٹ ٹرانزسٹر) اور پھر ماسفیٹ (MOS FET)

ٹرانزسٹر ایجاد ہوئے۔ ٹرانزسٹروں کی قسموں کے لحاظ سے ان کی علامات کی تعداد بھی بہت زیادہ ہے۔ ٹرانزسٹرز کی مکمل تفصیل اس سلسلے کی دوسری کتاب "ڈائی اوڈ ٹرانزسٹرز اور ان کے سرکٹ" میں دی گئی ہے۔

اگلے صفحات پر ان کی علامات کی تفصیل درج کی گئی ہے۔









p-n-p Bipolar transistor

پی این پی بائی پولر ٹرانزسٹر



p-n-p Bipolar transistor with collector connected to envelope

پی این پی بائی پولر ٹرانزسٹر ۔ کلکٹر باڈی سے ملا ہوا




n-p-n Bipolar transistor

این پی این بائی پولر ٹرانزسٹر



n-p-n Bipolar transistor with collector connected to envelope

